F. 6-4 (Edit) /2016 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mnZw Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 15/08/2016

یوم آزادی ہمارے شہیدوں کو یاد کرنے کا دن ہے: پروفیسر ارتضیٰ کریم

قومی اردو کونسل میں جشنِ آزادی کا اہتمام

نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، وزارت ترقی انسانی وسائل حکومت ہند کے صدر دفتر میں 70 ویں یومِ آزادی کے موقعے پر پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں کونسل کے تمام ذمے داران اور عملے نے شرکت کی۔ قومی کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے پرچم کشائی کی اور کونسل کے عملے نے ہندوستان کا قومی ترانہ 'جن گن من' بلند آواز میں پیش کیا۔ سبھی اسٹاف نے ترنگے کو سلامی بھی دی۔ اس موقعے پر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے کہا کہ یوم آزادی ہمارے شہیدوں کو یاد کرنے کا دن ہے۔ انھوں نے کتنی مشکلوں سے اور وطن پر اپنی جان قربان کرکے ہمیں آزادی جیسی نعمت عطا کی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم آزادی کی اہمیت کو سمجھیں اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ انھوں نے آزادی کی جدوجہد میں اردو زبان کے کردار پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اردو زبان ہماری تہذیب کا حصہ ہے اور اس زبان نے ہمیشہ سے ملک میں امن وسکون اور قومی یکجہتی کا درس دیا ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم اس زبان کے فروغ کی اپنی اپنی سطح پر ہر ممکن کوشش کریں اور اپنے بچوں کو اردو زبان کی تعلیم ضرور دیں۔

اس موقعے پر قومی کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، اسسٹنٹ ڈائرکٹر انتظامیہ جناب کمل سنگھ نے بھی یوم آزادی پر اپنی نیک خواہشات پیش کیں۔

(رابطہ عامہ سیل)